Government of Karnataka

علمِ ریاضی

مع مشق

MATHEMATICS

Urdu Medium

Text Cum Work Book

2

برائے جماعت دوم

SECOND STANDARD

حصّۂ اوّل -I

Part-I

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY(R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF – 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF – 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities
- learning to shift from rote methods
- enriching the curriculum beyond textbooks
- learning experiences for the construction of knowledge
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- caring concerns within the democratic policy of the country
- make education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries- integrated knowledge and the joy of learning
- the child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

Constructive approach, Spiral approach and Integrated approach.

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand, they help the learner in the total development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

Mathematics is essential in the study of various subjects and in real life. NCF 2005 proposes moving away from complete calculations, construction of a framework of concepts, relate mathematics to real life experiences and cooperative learning.

Many students have a maths phobia and in order to help them overcome this phobia, jokes, puzzles, riddles, stories and games have been included in textbooks. Each concept is introduced through an activity or an interesting story at the primary level. The contributions of great Indian mathematicians are mentioned at appropriate places.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Textbook Society in producing these textbooks.

G. S. Mudambadithaya
Coordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru, Karnataka

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru, Karnataka

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Chairperson's note to teachers

This First Standard Mathematics Textbook is prepared according to the revised syllabus based on NCF, 2005. The basic feature highlighted in NCF (2005) and seriously adopted in this textbook is that "The child is the constructor of his/her own knowledge". The focus in this textbook is on **experiential learning** which is based on both **hands on** and **minds on** activities.

The introduction of new mathematics syllabus and textbooks should be always backed up by a wealth of activities, illustrations and problems through which children can play and explore mathematics. There is no better guidance than well chosen illustrations that appeal to the intuition and focus the imagination and through which the child can construct his/her own mathematical knowledge. Such self-discovery leads to a much deeper understanding and a confidence in the subject, which the children can never forget and upon which he/she can build further.

The First Standard Mathematics Textbook is designed keeping all the above mentioned facts in view and also the intellectual development of children at that age level. Considering the point that the children are at **concrete operation stage** during this age, a large store of pictures are provided, which represent real life objects and situations. As mathematics is a very challenging and vibrant subject connected to the real world at every level, these illustrations help children to connect mathematics with real life situations. They also provide opportunities for children to indulge in challenging and exciting tasks of discovery and creativity as well.

Mathematics teaching should be child-centred and also learning-centred. It is the responsibility of the teachers to generate interest and stimulate enthusiasm in the subject. Teachers are expected to play the role of facilitators and create constructive learning environments with the help of illustrations suggested in this textbook and many more similar to or beyond them.

Hope that the material presented in this textbook will trigger the imagination, thinking and reasoning skills in children and support them to construct meaningful mathematical knowledge. Constructive suggestions for further improvement of this textbook are always welcome.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Text Book Committee

Chairperson	: Sri K.V. Sathyanarayan Rao, Retired Principal, Bengaluru.
Members	: Sri Sanjeev Kumar .S Belavatagi, Block Resource Person, BRC, Dharwad. Sri B. Shantha Murthy, Block Resource Person, BRC, Kollegala, Chamarajanagar, District. Smt. Vijayalaksmi Nayak , Lecturer, Srinivasa College of Education, Pandeswara, Mangaluru. Smt. H.M. Padmavathi, Lecturer, B.E.S. College of Education, Jayanagar, Bengaluru. Smt. Vanishri.C., A.M., G.H.S. Huralagere, Malur Taluk, Kolar District. Sri Jangi G.M., Artist DSERT, Bangalore. Kum. R.S. Pushpa, Drawing Teacher, GMHPS Hunsur.
Scurtiniser	: Sri Pradeep Kumar, Lecturer, DIET, Kolar.
Editorial Board	: Dr. K.S. Samera Simha, Joint Secretary, BHS Institute of Higher Education, Jayanagara 4th Stage, Bengaluru -11. Dr. S. Shivakumar, Professor, R.V.Engineering College, Bengaluru.
Translators	: Hifzunnisa, Urdu CRP, Bengaluru., North -3. Abida Khatoon, GUMPS, HBR, Layout, Bengaluru., North -3. Ayesha Afroz , TGT, GUMPS, HBR Layout, Bengaluru., North -3.
ChiefCo-ordinator	: Prof. G.S. Mudambadithaya, Co-ordinator, Curriculum revision and Text book preparation, Karnataka Textbook Society, Bangalore - 85.
Chief Advisors	: Sri Nagendra Kumar, Managing Director, Karnataka Textbook Society, Bengaluru - 85. Smt. Nagamani . C Deputy Director. Karnataka Textbook Society, Bengalur - 85.
Programme Co-ordinator	: Smt. Vijaya Kulkarni, Assistant Director, Karnataka Textbook Society, Bengalur - 85.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

About the Revision of Textbooks

Honourable Chief Minister Sri Siddaramaiah who is also the Finance Minister of Karnataka, in his response to the public opinion about the new textbooks from standard I to X, announced, in his 2014-15 budget speech of constituting an expert-committee, to look into the matter. He also spoke of the basic expectations there in, which the textbook experts should follow: "The textbooks should aim at inculcating social equality, moral values, development of personality, scientific temper, critical acumen, secularism and the sense of national commitment", he said.

Later, for the revision of the textbooks from class I to X, the Department of Education constituted twenty seven committees and passed an order on 24-11-2014. The committees so constituted were subject and class-wise and were in accordance with the standards prescribed. Teachers who are experts in matters of subjects and syllabi were in the committees.

There were already many complaints, and analyses about the textbooks. So, a freehand was given in the order dated 24-11-2014 to the responsible committees to examine and review text and even to prepare new text and revise if necessary. Eventually, a new order was passed on 19-9-2015 which also gave freedom even to re-write the textbooks if necessary. In the same order, it was said that the completely revised textbooks could be put to force from 2017-18 instead of 2016-17.

Many self inspired individuals and institutions, listing out the wrong information and mistakes there in the text, had sent them to the Education Minister and to the Textbook Society. They were rectified. Before rectification we had exchanged ideas by arranging debates. Discussions had taken place with Primary and Secondary Education Teachers' Associations. Questionnaires were administered among teachers to pool up opinions. Separate meetings were held with teachers, subject inspectors and DIET Principals. Analytical opinions had been collected. To the subject experts of science, social science, mathematics and languages, textbooks were sent in advance and later meetings were held for discussions. Women associations and science related organistation were also invited for discussions. Thus, on the basis of all inputs received from various sources, the textbooks have been revised where ever necessary.

Another very important aspect has to be shared here. We constituted three expert committees. They were constituted to make suggestions after making a

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

comparative study of the texts of science, mathematics and social science subjects of central schools (NCERT), along with state textbooks. Thus, the state text books have been enriched based on the comparative analysis and suggestions made by the experts. The state textbooks have been guarded not to go lower in standards than the textbooks of central school. Besides, these textbooks have been examined along side with the textbooks of Andhra Pradesh, Kerala, Tamil Nadu and Maharashtra states.

Another clarification has to be given here. Whatever we have done in the committees is only revision, it is not the total preparation of the textbooks. Therefore, the structure of the already prepared textbooks have in no way been affected or distorted. They have only been revised in the background of gender equality, regional representation, national integrity, equality and social harmony. While doing so, the curriculum frames of both central and state have not been transgressed. Besides, the aspirations of the constitution are incorporated carefully. Further, the reviews of the committees were once given to higher expert committees for examination and their opinions have been inculcated into the textbooks.

Finally, we express our grateful thanks to those who strived in all those 27 committees with complete dedication and also to those who served in higher committees. At the same time, we thank all the supervising officers of the Textbook Society who sincerely worked hard in forming the committees and managed to see the task reach its logical completion. We thank all the members of the staff who co-operated in this venture. Our thanks are also due to the subject experts and to the associations who gave valuable suggestions.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Sri M.P. Madegowda
Managing Director
Karnataka Textbook Society
Bengaluru.

Prof. Baraguru Ramachandrappa
Chairman-in-Chief
Textbook Revision Committee
Bengaluru.

Text Book Committee

Chairperson :

Dr. Vijaya Kumari G. - Associate Professor, Vijaya Teachers College (CTE), 4th block, Jayanagar, Bengaluru - 11.

Members :

Dr. Asha B.V, Principal, Onkar Mal Somani Education Trust, Mysuru.

Sri Mukunda .P - H.M., Sevabharathi Higher Primary School. Tirthahalli, Shivamogga District.

Smt. Susheela K.S. - Retd. Teacher, Jayanagara, Bengaluru.

Smt. Deepa Rao M.N, Asst. Teacher, Sri N.K.S. English High School, Majestic Circle, Bengaluru..

Sri Nandagopal B.V, Asst. Teacher, Govt. High School, Jodihuskur, Bengaluru.

Sri G.M. Jangi - Artist, DSERT, Bengaluru.

Smt. Saroja .R, Drawing teacher, Higher Primary School, Berundi.

Scrutinizer :

Sri N. Kaleshwara Rao, Retd. Lecturer, Diet, J.P. Nagar, Bengaluru.

Editorial Board :

Dr. K.S. Sameerasimha - Joint Secretary, BHS Higher Education Society, 4th block, Jayanagar, Bengaluru-11.

Dr. S. Shivkumar - Professor, R.V. Engineering college, Bengaluru.

Translators :

Smt Hifzunnisa, Urdu CRP, Bengaluru N-3

Smt Yasmeen A.K, Asst., Teacher GUHPS, Vasanthnagar, Bengaluru N-3

Smt Ayesha Afrooz, Asst., Teacher (TGT), GUMPS, HBR, Layout, Bengaluru . N-3

Chief Co-ordinator :

Prof. G.S. Mudambaditaya, Co-ordinator, Curriculum revision and text book preparation, KTBS, Bengaluru.

Chief Advisor :

Sri Nagendra Kumar, Managing Director, KTBS, Bengaluru.

Smt Nagamani, Deputy Director, KTBS, Bengaluru

Programme Co-ordinator :

Smt. Vijaya Kulkarni, - Assistant Director, KTBS, Bengaluru.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Text Books Review Committee Chairman-in-chief.

Prof. Barguru Ramchandrappa,	State Review Committee, Karnataka textbooks Society®, Bengaluru.

Review Committee Chairperson

Dr. Narasimhamurthy S.K.	Professor and Chairman, Department of Mathematics , Kuvempu University, Shankaraghatta-577 451. Shivamogga

Members

Dr. B . Chaluvraju,	Professor, Department of Mathematics, Bengaluru University, Bengaluru.
Sri. B. K. VishwanathRao,	Rtd., Principal, No.294, "Prashant", 30th Cross, BSK 2nd Stage, Bengaluru.
Sri Narasimha murty G. N.,	'Beladingalu' No.23/1,5th cross, Hosalli, Bengaluru.
Sri Shankarmurthy M.V.	Rtd Headmaster, Sarvodaya High-school, Bengaluru
Sri H.N.Subbarao,	Headmaster, Sadvidya Highschool, N.S.Road, Mysuru.
Smt S.S. Tara,	Headmistress, Govt. High School, Mavattur, K.R. Nagar taluk, Mysuru Dist,
Smt Sushma NagarajRao,	High School Teacher, Govt. Higher Primary School, Ramnagar
Sri Shrinath Shastri,	Kannada Ganak Parishat, Chamrajpete, Bengaluru.

High Power Committee

Dr.Kashinath Biradar,	Plot No.7, Gangasiri, Jayanagar, Kalburgi - 585 105.
Smt. L. Padmavati,	Vice-principal, Empress Girls High-school, Tumkur.
Sri T Gangadharaiah,	Associate Professor, Department of Mathmetics, Govt. women's college, Kolar

Translators

Smt. Syeda Tabassum Khathun	A.M Govt Urdu High School DJ Halli B-45

Chief Advisors

Sri M.P. Madegowda	Managing Director, Karnataka Textbooks Society®, 6th Cross, Malleshwaram, Bengaluru-560 003
Smt. M.D. Usha,	Deputy Director, Karnataka Textbooks Society®, 6th Cross, Malleshwaram, Bengaluru-560 003

Programme co-ordinator:

Smt. Vijaya Kulkarni,	Asst.Director, Karnataka Textbooks Society®, 6th Cross, Malleshwaram, Bengaluru-560 003

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

Manjushree. N, IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

P1Q7J7

مضامین فہرست

نمبر شمار	ابواب	صفحہ نمبر
1	شکلیں اور خلائی فہم	1 - 38
2	اعداد	39 - 86
	علم ریاضی کے بنیادی اعمال	
3	جمع	87 - 105
4	تفریق	106 - 136
5	ضرب	138-143
6	تقسیم	144-148

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

S1N2V4

باب-1

شکلیں اور خلائی فہم

اس باب کو سیکھنے کے بعد .....


- خطِ مستقیم کی شناخت کریں گے اور خطِ مستقیم کھینچیں گے۔
- اُفقی۔عمودی اور ترچھی خطوط کھینچیں گے۔
  - آزادانہ ہاتھ سے
  - پٹری کی مدد سے
- خط مستقیم اور خط منحنی کے فرق کو سمجھیں گے۔
- جیومیٹری اشکال کی خصوصیات لڑھکنے اور پھسلنے والے۔
- 2 (2D) ابعادی اشکال (مربع۔مستطیل۔مثلث اور دائرہ) کی شناخت کریں گے۔اور ان کی خصوصیات سمجھیں گے۔
- (3D) سہ ابعادی اشکال (مکعب۔مکعب نما۔مخروط، استوانہ) کی شناخت کر کے ان کی خصوصیات کو سمجھیں گے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خط مستقیم


بندر کو کیلا حاصل کرنے کا صحیح طریقہ معلوم کیجئے۔








کاغذ کو موڑ کر خط مستقیم حاصل کر سکتے ہیں۔

میں نے کاغذ کو ایک مرتبہ موڑا ہے۔		مجھے ایک خط مستقیم موڑ پر ملی ہے۔	
میں نے کاغذ کو دو مرتبہ موڑا ہے۔		مجھے خطوط مستقیم موڑ پر ملی ہیں	

خط مستقیم کو کس طرح کھینچتے ہیں؟

سیدھا کنارہ رکھنے والی اشیاء سے خط مستقیم والا یہ خاکہ بنائیے۔


مثال:




نوٹ بک کے کنارے سے خط مستقیم کھینچئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سیدھا کنارہ رکھنے والی لکڑی سے خطِ مستقیم والا یہ خاکہ بناؤ۔




کھینچ کر پکڑا ہوا دھاگہ بھی خطِ مستقیم جیسا دکھائی دیتا ہے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

پٹری کے استعمال سے بھی خطِ مستقیم کھینچ سکتے ہیں۔



A اور B دو نقاط ہیں۔ جب ان دو نقاط کو پٹری کی مدد سے جوڑتے ہیں تو خطِ مستقیم بنتی ہے۔



پٹری کی مدد سے خطوطِ مستقیم استعمال کرتے ہوئے تصویر بنائیے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

آزادانہ طریقہ سے خطِ مستقیم کھینچ سکتے ہیں۔

مثال:۔




P اور Q دو نقاطہ خاتمہ ہیں ان دو نقاط کو آزادانہ ہاتھ سے جوڑئے جسے (پٹری کے بغیر) ایک خطِ مستقیم بنتی ہے

ہاتھ سے ذیل کے نقطوں کو جوڑ کر خط مستقیم کھینچئے۔





1)	2)	3)
R S	F E	G H

پٹری کے بغیر نقطوں کو ملاتے ہوئے خط مستقیم بنائیے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I : ہر خاکہ میں دئے گئے خط مستقیم کو گن کر خانوں میں اعداد لکھئے۔

مثال:۔		2
1		
2		
3		
4		
5		
6		






@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II- 1) انگلش کے بڑے حروف تہجی میں سے دو خط مستقیم والے حروف لکھئے۔

2) انگلش کے بڑے حروف تہجی میں خط مستقیم نہ رکھنے والے حروف لکھئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III - گروہ سے مطابق نہ رکھنے والے تصویر کو (✓) نشان بنایئے۔

1)	a.		b.		c.		d.	
2)	a.		b.		c.		d.	

IV) نشان لگا کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجئے۔

1) حرف 'A'، تین خطوطِ مستقیم سے بنا ہے۔ صحیح/غلط

2) حرف 'M' تین خطوطِ مستقیم سے بنا ہے۔ صحیح/غلط

3) حرف 'R'، دو خطوطِ مستقیم سے بنا ہے۔ صحیح/غلط

V: نقاط کو جوڑ کر (سکیل کے بغیر) خطِ مستقیم سے اپنی سوچ کا ایک خاکہ بنائیے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

خطِ مستقیم کھینچنا۔


نقاط کو خطِ مستقیم سے جوڑیئے۔



عمودی خط




افقی خط



ترچھا خط

سکیل کی مدد سے نقاط کو ترتیب سے جوڑیئے۔




@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

1) 14 سے 15 تک کی خط افقی خط ہے۔


2) 11 سے 12 تک کی خط _____

3) 9 سے 10 تک کی خط _____

تصویر میں افقی خط ، ترچھا خط اور عمودی خط کا مشاہدہ کیجئے۔




خطوط کو گن کر لکھئے۔



- افقی خطوط = _____
- عمودی خطوط = _____
- ترچھے خطوط = _____

سرگرمی 1: اس کھیل کو تم تمہارے دوست/سہیلی کے ساتھ کھیلئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

- یہ نقاط کا کھیل ہے اس کو دو کھلاڑیوں کے درمیان کھیلا جا سکتا ہے۔
- تم کسی بھی دو نقاط کو **افقی** خط یا **عمودی** خط سے جوڑ سکتے ہو۔
- تمہارے دوست/سہیلی بھی اُسی طرح دو نقاط کو جوڑیں۔
- جس نے بھی خانہ مکمل کیا ہو اپنے نام کا پہلا حرف کو خانہ میں لکھئے۔

مثال:1۔ A یا B

- اسی طرح تمام نقاط کو جوڑ کر نقاط سے خانہ بناتے ہوئے کھیل آگے بڑھتا ہے۔
- جس نے زیادہ خانہ بنائے ہوں وہی کھیل جیتا ہے۔

شرائط:۔


1) ڈالی گئی خط پر دوسری مرتبہ خط نہیں ڈال سکتے۔
2) صرف ایک وقت میں ایک ہی مرتبہ دو نقاط کو جوڑ کر خط کھینچ سکتے ہیں۔
3) ایک خانہ پورا ہونے پر ایک ہی نمبر ملتا ہے۔

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

حاصل کئے ہوئے نمبر/نشان ذیل کے خانوں میں بھرتی کرو۔

تمہارے دوست/سہیلی	تمہارے	نمبر/نشانات

نقاط کو جوڑ کر خط کو مکمل کیجئے اور دو مشابہ اشکال حاصل کیجئے۔




ترچھا خط　　عمودی خط　　افقی خط


مشق

پٹری کی مدد سے نقاط کو جوڑیئے۔

(1









(2



اپنے روزمرہ زندگی میں خطوط کی اہمیت کو اپنی سہیلی/ دوست یا اپنے اُستاد کی مدد سے جانیں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


ذیل کے تصاویر کا مشاہدہ کرو اور جو گروہ سے نہ ملتا ہو اس پر (✓) کا نشان لگاؤ۔

1)			
			
2)			
			

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


عمودی خط ، افقی خط یا ترچھی خط کھینچتے ہوئے سانپ کو چوہا حاصل کرنے میں مدد کیجئے۔








صحیح جواب سے خالی جگہوں کو بھرتی کیجئے۔

شمار نمبر	اشکال	افقی خط	عمودی خط	ترچھا خط
مثال:1	A	1	0	2
1	B			
2	E			
3	H			
4				
5	٦			
6	8			
7	M			
8	Z			
9				
10				
11				

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خطوطِ مستقیم اور خطوطِ منحنی


کھڑکی/میز یا ستون کو ایک تاگا باندھ کر کھینچ کر پکڑیئے۔




کیا دھاگہ خط مستقیم میں ہے؟


دھاگہ کو کھینچ کر پکڑنے سے خط مستقیم بنتی ہے۔


دھاگہ کو ڈھیل چھوڑیں تو منحنی خط بنتی ہے۔




خطوط سے بنے ان اشکال کو غور سے دیکھئے۔










@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نقاط کو خطوطِ مستقیم یا خطوطِ منحنی سے جوڑ کر اپنے پسندیدہ اشکال بنائیے۔





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

خطوطِ مستقیم اور خطوطِ منحنی سے چند اور اشکال بنائیے۔

سرگرمی 2: ہدایت کے مطابق چن کر ڈالئے۔

A	B	C	D	E	F	G	H	I	.....

1	2	3	4	5	6	7	8	9	0

ہندسوں اور حروف کے جھلکی کارڈ بناؤ اور جھلکی کارڈ ڈالنے کے لئے 3 ٹرے لو

اس کھیل کو 2 ٹیموں سے کھیلو

مثال:۔

فرض کرو A اور B دو ٹیم یہ کھیل کھیل رہے ہیں۔



3) خط مستقیم اور خط منحنی دونوں سے بنے حروف یا ہندسہ

2) صرف خط منحنی سے بنے حروف یا ہندسے

1) صرف خط مستقیم سے بنے حروف یا ہندسے




تو کسی ٹیم کا ایک طالبِ علم کوئی ایک کارڈ (حروف/ ہندسی) اٹھا کر مناسب ٹرے میں ڈالیں۔
ہندسی/حروفی کارڈ کسی ایک ٹرے میں ڈالو۔

اس کے بعد B ٹیم کا فرد ایک کارڈ لے کر مناسب ٹرے میں ڈالیں۔ اگر وہ صحیح ٹرے میں کارڈ کو ڈالتا ہے۔ تو ایک نمبر ملے گا۔
اس طرح یہ کھیل جاری رکھیں۔

جو ٹیم زیادہ نمبر حاصل کرتی ہے وہ جیت جاتی ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED




ذیل کے تصاویر میں خطوط مستقیم اور منحنی خطوط کی تعداد لکھئے۔

تصویر	خطوط مستقیم	منحنی خطوط
	1	2
		
		
		

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

جیومٹری اشکال کی خصوصیات

کونسے لڑھکتے ہیں؟ کونسے پھسلتے ہیں؟

	لڑھکتے ہیں		پھسلتے ہیں
1)		1)	
2)		2)	
3)		3)	

© TBS NOT TO BE REPUBLISHED

درجہ بالا تصاویر پر غور کیجئے۔

- چند اشیاء صرف لڑھکتے ہیں چند صرف پھسلتے ہیں۔
- چند اشیاء لڑھکتے اور پھسلتے ہیں۔
- مسطح سطح والے اشیاء پھسلتے ہیں۔

مثال: کتاب اور لکڑی کا ٹکڑا۔

- کروی سطح والے اشیا لڑھکتے ہیں۔

مثال: گیند اور گولی۔

- کروی سطح اور مسطح سطح والے اشیاء لڑھکتے اور پھسلتے ہیں۔

مثال: سکّے۔ کیارم کے سکّے۔

1) لڑھکنے والے۔ پھسلنے والے یا لڑھکنے اور پھسلنے والے اشیاء کو پہچان کر دیئے گئے خاکہ (✓) کا نشان لگا۔

شمار نمبر	اشیاء	لڑھکنے والے	پھسلنے والے	لڑھکنے اور پھسلنے والے
1				
2				
3				
4				
5				
6				
7				

(1) کسی دو لڑھکنے والے اشیاء کے نام لکھئے۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(2) کسی دو پھسلنے والے اشیاء کے نام لکھئے۔

(3) کسی دو پھسلنے والے لڑھکنے والے اشیاء کے نام لکھئے۔


2 ابعادی اشکال اور خصوصیات:

گھر کی تصویر کو دیکھو۔ اس تصویر پر پائے جانے والے مختلف اشکال پر غور کیجئے۔






@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


تمہیں اس تصویر میں ذیل کے اشکال دکھائی دیں گے۔



ان کے نام جانیئے۔


سرگرمی۔ نقاط کو جوڑ کر اشکال بناؤ اس میں پائے جانے والے مربع۔ مستطیل۔ مثلث اور دائرہ کی تعداد لکھو۔



مربع	
مستطیل	
مثلث	
دائرہ	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان اشکال کو صرف ایک مرتبہ استعمال کرتے ہوئے تصویر بنائے۔






@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

اوپری اشکال کو دو مرتبہ استعمال کر کے تصویر بنائے۔

سرگرمی۔


ہندسوں کے مطابق نقاط کو جوڑ کر شکل کا نام لکھئے۔

مثال		مربع
1)		
2)		
3)		

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

رنگ میں رنگ کونسا رنگ؟

ہدایت کے مطابق ذیل کی تصویر میں رنگ بھریئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

اوپری تصویر میں





1) مستطیل کی تعداد _____

2) مربع کی تعداد _____





3) مثلث کی تعداد _____

4) دائرہ کی تعداد _____

اشکال کے بارے میں اور جانیئے۔

1)		مربع	• مربع میں 4 ضلعے ہوتے ہیں۔ • مربع کے چاروں ضلعے مساوی ہوتے ہیں۔
2)		مستطیل	• مستطیل کے 4 ضلعے ہوتے ہیں۔ • مستطیل کے مقابل کے ضلعے مساوی ہوتے ہیں۔
3)		مثلث	• مثلث کے 3 ضلعے ہوتے ہیں۔
4)		دائرہ	• دائرہ منحنی خط سے بنا ہوتا ہے۔

ذیل کے لئے مشابہ اشکال کی چند مثالیں دیجئے۔

اور ایک مثال لکھو۔	اشکال کی مثال	اشکال
	کتاب	
	راستے کے کنارے کا ٹرافک سگنل کی تختی	
	دیوار کی گھڑی	
	رومال	



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سہ ابعادی اشکال









ذیل کے تصاویری اشکال پر غور کیجئے۔



ذیل میں دیئے گئے ہندسی اشکال پر غور کرتے ہوئے نام لکھئے۔





ہندسی اشکال	اشیاء
 مکعب نما	

@KTB NOT TO BE REPUBLISHED

ہندسی اشکال	اشیاء
 مکعب	
 استوانہ	
 مخروط	
 کرّہ	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ذیل کے اشیاء سے مشابہت رکھنے والے اشیاء کو خط کھینچ کر جوڑیئے۔

مثال 	
	
	
	
	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

گھر میں پائے جانے والے ٹھوس اجسام کی فہرست تیار کرو اور مشابہت رکھنے والے اشکال کے نام لکھئے۔

سرگرمی:۔

کونسی شکل ہے قیاس کرو:۔

معلّمہ ایک اٹّے کے ڈبے میں مختلف اشکال کے اشیاء ڈال کر میز پر رکھتے ہیں۔ (گولی۔ کتاب۔ پنسل کا ڈبہّ۔ ربڑ۔ پنسل۔ گاجر۔ پائپ۔ گیند۔) ایک طالب علم آنکھ بند کر کے کسی ایک شئے کو اٹھا کر مشابہت رکھنے والی شکل کا نام بتانا ہوگا۔

اگر جواب صحیح ہے تو دوسرے طالبِ علم تالی بجا کر حوصلہ افزائی کریں گے۔ اس طرح کھیل جاری رہے گا۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کنارے اور کونے

چھوٹو اور اس کے 5 ساتھی ایک کھیل کھیل رہے تھے۔ امّو آنکھوں پر پٹی باندھے تالیاں بجا رہی تھی۔ دوسرے باقی میز کے اطراف چل رہے تھے۔ امّو تالیاں بجانا بند کرے تو، جو جہاں ہوتے ہیں۔ فوراً کھڑے ہو جائیں، جو ساتھی کونوں سے دور ہوتے ہیں ۔ وہ کھیل سے باہر ہو جائیں گے پھر امّو آنکھوں پر پٹی باندھ کر کھیل شروع کرتی ہے۔ اس طرح کھیل جاری رہے گا۔



© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED


(الف) اوپر کی تصویر پر غور کیجئے۔

(ب) کونوں میں کون کون کھڑے ہیں؟

(ج) مدّو کہاں کھڑی ہے۔


ہمارے اطراف پائے جانے والے کئی مستقیم کنارے اور کونے رکھنے والے اشیاء

مثال:



کچھ چیزوں کے منحنی کنارے ہوتے ہیں۔





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

(الف) تمہارے اطراف پائے جانے والے مستقیم کناروں کے 5 اشیاء کے نام لکھئے۔

_____

(ب) منحنی کنارے والے 5 اشیاء کے نام لکھئے۔

_____


(پ) کیا مستقیم کنارے والے اشیاء کے کونے ہوتے ہیں؟

_____

(ج) کیا منحنی کنارے والے شکل میں کونے ہوتے ہیں؟

_____

سرگرمی:۔



1) مستطیل نما کاغذ لیجئے۔

2) اس کے کونوں کی گنتی کیجئے۔

3) کاغذ کے کتنے کنارے ہیں؟

4) کاغذ کے ایک کونے کو موڑیئے۔



(الف) اب کاغذ کے کتنے کنارے ہیں؟
(ب) اب کاغذ کے کتنے کونے ہیں؟

اب کاغذ کے دوسرے کونے کو موڑیئے۔

اور ایک کنارے کو موڑیئے اب ان کناروں اور کونوں کی گنتی کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


ذیل کی فہرست پر غور کیجئے۔ کونے والے اشیاء کے آگے (✓) نشان لگاؤ کنارے اور کونے کی تعداد لکھئے۔


چیز کا نام	کیا ان اشیاء کے کنارے ہیں؟	کناروں کی تعداد	کونوں کی تعداد
 پانسہ	✓	12	8
 گیند			
 ربڑ			
 کھیرا			
 کاغذ			


صرف کونے رکھنے والے اشیاء میں کنارے بھی موجود ہوتے ہیں۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


ذیل کے دئے گئے تصاویر میں کنارا رکھنے والے اشیاء پر لال رنگ اور منحنی کنارا رکھنے والے اشیاء پر سبز رنگ بھرائیے۔ دونوں طرح کے کنارے (خط مستقیم اور خط منحنی) اشیاء کو نیلا رنگ بھریئے۔





















@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میرے کتنے چہرے ہیں



















@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

ٹھوس اشیاء کا استعمال کرتے ہوئے ان کی خاکہ کشی کر سکتے ہیں۔



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمی-1


- گلاس۔دیا سلائی کا ڈبہ قیف۔مولی وغیرہ چیزیں لو۔
- ایک چیز کو کاغذ پر رکھ کر اس کے اطراف پنسل سے خاکہ بناؤ۔
- وہاں کونسی شکل بنتی ہے نام دو۔
- اوپر ہی کی طرح باقی چیزوں کا استعمال کرتے ہوئے کاغذ پر پنسل سے خاکے بناؤ۔

سرگرمی -2


دائروی شکل کونسی چیزوں سے بنا سکتے ہیں۔معلوم کرو۔

ذیل کے ٹھوس اشیاء کے سایوں کی شناخت کرنا۔

ان ٹھوس اشیاء کے سایوں پر غور کرو۔



ٹھوس اشیاء اور ان کے سایوں کو خط کھینچ کر جوڑو۔



NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

N7Q1N5

باب-2

اعداد

اس باب کو سیکھنے کے بعد۔

- 0 سے 99 تک کے اعداد پڑھیں گے اور لکھیں گے۔
- اعداد کو اکائی اور دہائی کے مقام میں لکھیں گے۔ (0 سے 99 تک)
- اعداد کے ہر ہندسہ کی ظاہری اور مقامی قیمت کو لکھ کر موازنہ کریں گے۔
- دیئے گئے اعداد کی توسیع کریں گے اور توسیع کئے ہوئے اعداد کو مختصر کریں گے۔
- اعداد کو مختلف طریقوں سے گنتی کریں گے۔
- اگلا پچھلا اور درمیانی عدد، چھوٹا، بڑا اعداد کا تصوّر کریں گے۔
- اعداد کو بڑھتی ہوئی اور گھٹتی ہوئی ترتیب میں جوڑیں گے۔
- کوئی دو دیئے ہوئے ہندسوں کو استعمال کرتے ہوئے سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا دو ہندسی عدد لکھیں گے۔
- قبل از :۔ خط عددی پر شئے کی جگہ کی شناخت کریں گے۔

@KSEBSE NOT TO BE REPUBLISHED

اعداد 0 سے 99 تک پڑھنا اور لکھنا۔

سرگرمی:۔0 سے 99 تک جھلکی کارڈ تیار کیجئے اور ترتیب سے جوڑیئے۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
	91	92	93	94	95	96	97	98	99	

• 19 کے بعد کا عدد کونسا ہے؟	20
• 28 کے بعد کا عدد کونسا ہے؟	
• 76 کے بعد کا عدد کونسا ہے ؟	
• 94 کے بعد کا عدد کونسا ہے ؟	
• 44 کے بعد کا عدد کونسا ہے ؟	
• 58 کے بعد کا عدد کونسا ہے ؟	
• 80 کے بعد کا عدد کونسا ہے ؟	


صحیح اعداد سے خانہ پُری کیجئے۔

1)	19,	20,	,	,	23,	,	25
2)	34,	,	,	,	,	39,	
3)	48,	49,	50,	,	,	,	54
4)	62,	,	,	65,	,	,	68
5)	77,	78,	,	,	,	,	83
6)	90,	,	,	,	,	,	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمی:۔ سانپ اور سیڑھی کا کھیل

سانپ اور سیڑھی کی تختی میں چھوٹے ہوئے اعداد کو پُر کرو۔



مندرجہ بالا سانپ اور سیڑھی کی تختی کی مدد سے نیچے دئے ہوئے سوالات کے جوابات لکھو۔

1) ○ نشان والے سانپ کے سر والے ڈبہ کا عدد کونسا ہے؟

ج _____

2) □ نشان والے سانپ کے سر پر کونسا ڈبہ ہے؟

ج _____

3) △ والا سانپ کے سر پر کونسا ڈبہ ہے۔

ج _____

4) D نشان والی سیڑھی کے نچلے حصّہ کے ڈبہ کا عدد کونسا ہے؟

ج _____

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

5) A نشان والی سیڑھی کے اوپری حصّہ والے ڈبہ کا عدد کونسا ہے ؟

ج _____

6) C نشان والی سیڑھی کے اوپری حصّہ والے ڈبہ کا عدد کونسا ہے ؟

ج _____


7) B نشان والی سیڑھی کا نچلے حصّہ والے ڈبہ کا عدد کونسا ہے؟

ج _____

8) کونسے پچھلے عدد کے بعد گھر پہنچتے ہیں؟

ج _____

خط کھینچ کر جوڑ لگائیے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ذیل کے اعداد کو الفاظ میں لکھئے۔

مثال 31=اکتیس

1) 79 = _____ 2) 69 = _____

3) 28 = _____ 4) 85 = _____

5) 34 = _____ 6) 53= _____

7) 29= _____ 8) 91 = _____

گروہ بندی کر کے گنتی کرنا۔ (0 سے 99)



NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمی:۔

عمران اور ہاجرہ کی والدہ عابدہ نے ایک روپیہ کے سکّے والا فون بکسہ رکھا تھا۔ انہوں نے اس ڈبہ سے سکّوں کو نکال کر ایک تھیلی میں ڈالا۔

عابدہ :۔ عمران ہاجرہ تھیلی میں کتنے سکّے ہیں گن کر بتاؤ؟

عمران اور ہاجرہ:۔ ضرور امّی

تھوڑی دیر کے بعد

عابدہ:۔ کیا تم نے گن لیا؟

عمران:۔ جی امّی اس میں 97 سکّے ہیں۔

ہاجرہ:۔ نہیں امّی جملہ 98 سکّے ہیں۔

عمران اور ہاجرہ بحث کرنا شروع کرتے ہیں۔

عابدہ:۔ رک جاؤ تم دونوں دس دس سکّوں کے ڈھیر لگاؤ، پھر باقی سکّے علیٰحدہ رکھو۔

باقی سکوں کو بھی گنتے ہوئے سکوں کا ڈھیر بناؤ اسی طرح گنتے رہیں جب تک کہ سکّے ختم نہ ہوں۔

عمران اور ہاجرہ:۔ امّی ہم نے سکّوں کے دس دس کے ڈھیر لگا دیئے۔

عابدہ:۔ اچھا چلو میں دیکھتی ہوں۔



1) دس سکّوں کے کتنے ڈھیر ہیں؟

ج 9

2) کتنے سکّے باقی ہیں؟

ج 6

عابدہ:۔ یہاں دس سکّوں کے 9 ڈھیر اور بچت 6 سکّے ہیں۔





9 دہائیاں

6 اکائی

96

جملہ ایک روپیہ کے 96 سکّے ہیں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چونکہ عمران اور ہاجرہ نے گروہ بندی کئے بغیر گنا تھا اس لئے غلطی ہوئی۔

اکائی اور دہائی کی گروہ بندی کریں
تو گنتی کرنے میں آسانی ہوگی

جو عدد دس کے گروہ میں شامل
نہ ہو سکا اسکو اکائی کہتے ہیں

دیئے گئے تصاویر میں دہائی اور اکائی کی درجہ بندی کرو، اور خالی جگہ پُر کرو۔

مثال :




©KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

1)








2)



= +

3)



= +

4)




= +

5)



= +

6)




= +

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

دئے گئے تصاویر میں گروہ کی حلقہ بندی اکائی اور دہائیوں میں کیجئے جیسے کے مثال میں دکھایا گیا ہے۔

مثال: 26)

26 =			+	


1)	19 = 		+	
2)	44 = 		+	
3)	39 = 		+	
4)	23 = 		+	
5)	50 = 		+	

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


ہندسوں کو اکائی اور دہائی میں لکھنا (0 سے 99 تک)۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



1 اکائی



ایک دہائی یا 10 اکائیاں


منکوں کی تختی کی مدد سے گنتی:

دیئے گئے منکوں کو دہائی اور اکائی میں گروہ بندی کیجئے۔



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تختہ کے دو ٹکڑے لیکر اس میں دو لوہے کی سیلائیاں لگائیے، ایک تختہ پر اکائیاں اور دوسرے پر دہائیاں لکھئے۔ ان سیلائیوں میں دئے گئے اعداد کو ظاہر کیجئے۔



مقامی قیمت کا جدول

دہائی	اکائی
5	4

4 اکائیاں اور 5 دہائیاں

عدد اس طرح لکھتے ہیں۔ 54

اس کو چوپن پڑھتے ہیں۔ چوپن

منکوں کی سلائیوں میں منکوں کی نقشہ کشی کرو اور مقامی قیمت کے جدول میں ظاہر کیجئے۔

مقامی قیمت کا جدول

دہائی	اکائی

1) 47



2) 59




دہائی	اکائی

3) 77



دہائی	اکائی

4) 86



دہائی	اکائی

5) 65



دہائی	اکائی






6) 99



دہائی	اکائی

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

دئے گئے اشکال کو مقامی قیمت کے جدول سے جوڑ لگاؤ


”الف“		”ب“
		
		
		
		

@KPBS NOT TO BE REPUBLISHED

ظاہری قیمت اور مقامی قیمت (0 سے 99)

سرگرمی:۔

0 سے 9 تک کے اعداد کے جھلکی کارڈ کے دو سیٹ بناؤ اور انہیں رکھنے کے لئے تصویر میں دکھائے گئے نمونے کا مقامی قیمت کے جدول چارٹ بناؤ۔



1) جھلکی کارڈ 4 کو اٹھا کر اکائی نشان والے جگہ پر لگائیے۔



یہ 4 اکائیاں ظاہر کرتا ہے۔

اس کی مقامی قیمت 4 ہے۔

2) دوسرے 4 کی جھلکی کارڈ لیکر دہائی کے نشان والی جگہ پر لگائیے۔



اب 4 دہائی کے مقام پر ہے۔

یہ 4 دہائی ظاہر کرتا ہے۔

4 کی مقامی قیمت 40 ہوتی ہے۔

درج بالا دونوں سرگرمیوں میں 4 کے دو جھلکی کارڈ استعمال کئے گئے ہیں۔ اگر جھلکی کارڈ 4 اکائی کے مقام پر لگائیں تو، اس کی مقامی قیمت 4 ہوتی ہے۔ مگر وہی 4 دہائی کے مقام پر لگائیں تو اس کی مقامی قیمت 40 دہائی ہوتی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ظاہری قیمت

دہائی	اکائی
4	4

4 دہائی ← 4 اکائی →

مقامی قیمت — مقامی قیمت

نوٹ: دکھائے گئے طریقہ سے اعداد کی توسیع مقامی قیمت میں دکھا سکتے ہیں۔

مثال:۔

46 = 4 دہائی + 6 اکائی

= 40 + 6

مقامی قیمت

دہائی	اکائی
2	8

20 ← 2 دہائی — 8 → 8 اکائی

دہائی	اکائی
9	9

90 ← 9 دہائی — 9 → 9 اکائی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


نوٹ:۔ اکائی کے عدد کی ظاہری قیمت اور مقامی قیمت دونوں یکساں ہوتی ہے۔

دیئے گئے اعداد کو مقامی قیمت کے حلقہ میں لکھئے۔

مثال:۔

دہائی	اکائی
4	9

40 ← — 9 →



حلقہ بنائے ہوئے ہندسوں کی ظاہری قیمت اور مقامی قیمت لکھئے۔

ظاہری قیمت	مقامی قیمت	اعداد
5	50	مثال: ⑤4
		⑦6
		9③
		4④
		9⑧
		③5
		4⑨
		⑥8
		⑤5

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



مثال کے مطابق سرخ رنگ والے ہندسوں کی مقامی قیمت لکھئے۔

مثال:۔

95	90	16	6
59		87	
46		77	
54		56	
96		14	

اکائی اور دہائی کے مقام کو منکوں کی تختی پر بھی دکھا سکتے ہیں۔

ان تصویروں پر غور کیجئے۔


	دہائی میں ایک منکا ایک دس ہوتا ہے۔اکائی میں تین منکے 3 اکائیاں ہوتے ہیں۔1 دہائی اور 3 اکائیوں کو 13 لکھتے ہیں۔اور تیرہ پڑھتے ہیں۔
	دہائی میں 2 منکے 2 دس ہوتے ہیں۔اکائی میں 0 منکے 0 اکائی ہوتے ہیں۔2 دہائی اور 0 اکائی کو 20 لکھتے ہیں۔

نوٹ: اس سرگرمی کرنے کے لئے منکوں کی تختی (بال فریم) استعمال کرو۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


ذیل کی مقامی قیمت لکھئے۔

مثال:۔



منکے کی سلائی میں 3 کی مقامی قیمت 3 ,5 کا کی مقامی قیمت 50 ہے۔

(1




بال فریم میں 9 کی مقامی قیمت ____ ہے۔

(2




بال فریم میں 7 کی مقامی قیمت ____ ہے۔

(3



بال فریم میں 8 کی مقامی قیمت ____ ہے۔

(4



بال فریم میں 2 کی مقامی قیمت ____ ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دیئے گئے ڈبوں میں مقامی قیمت لکھو۔

مثال:۔ 76 میں 7 کی مقامی قیمت 70 ہے۔

1) 59 میں 5 کی مقامی قیمت ☐	5) 13 میں 1 کی مقامی قیمت ☐
2) 63 میں 3 کی مقامی قیمت ☐	6) 96 میں 9 کی مقامی قیمت ☐
3) 89 میں 9 کی مقامی قیمت ☐	7) 24 میں 2 کی مقامی قیمت ☐
4) 18 میں 8 کی مقامی قیمت ☐	8) 49 میں 4 کی مقامی قیمت ☐

مثال کے طور پر دیئے گئے خانوں کو پُر کیجئے۔

مثال:۔ 17 = [1] دس اور [7] اکائیاں

1) 28 = [ ] دس اور [ ] اکائیاں

2) 99 = [ ] دس اور [ ] اکائیاں

3) 62 = [ ] دس اور [ ] اکائیاں

4) 34 = [ ] دس اور [ ] اکائیاں

5) 19 = [ ] دس اور [ ] اکائیاں

خالی جگہ پُر کرو۔

مثال:۔ 25 میں 2 دس ہیں۔

1) 37 میں _____ اکائیاں ہیں

2) 53 میں _____ دس ہیں

3) 69 میں _____ دس ہیں

4) 99 میں _____ اکائیاں ہیں


5) 96 میں _____ دس ہیں اور _____ اکائیاں ہیں۔

6) 86 میں _____ دس ہیں اور _____ اکائیاں ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حلقہ کئے ہوئے اعداد کی مقامی قیمت لکھئے۔






مثال:۔



1 اکائی = 1



5 دس = 50


1)		7 اکائیاں = _____
2)		6 _____ = _____
3)		8 _____ = _____
4)		9 _____ = _____
5)		5 _____ = _____







@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اعداد کو توسیع صورت میں لکھئے۔

توسیع صورت : مثال:۔

30 + 2 =



_____ =		1)
_____ =		2)
_____ =		3)
_____ =		4)
_____ =		5)
_____ =		6)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مختصر صورت میں لکھئے۔

1)	مثال:۔ 10 + 1 = 11	5)	70 + 9 = _____
2)	20 + 6 = _____	6)	80 + 8 = _____
3)	40 + 3 = _____	7)	90 + 2 = _____
4)	50 + 7 = _____	8)	90 + 5 = _____

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

اگلے اور پچھلے اعداد

اگلے عداد

مثال:۔ 1



17 کا اگلا عدد 18 ہے۔


دئے گئے عدد کو ایک جمع کرنے پر اگلا عدد ملتا ہے۔

مثال:۔2

میں 21 ہوں ۔ میرے اگلے اعداد ترتیب سے لکھو۔


اگلا عدد حاصل کرنے کے لئے دئے گئے عدد میں ایک جمع کرتے جاؤ۔





مثال:۔3

47 سے 54 کے اعداد ترتیب میں پُر کرو۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اگلے اعداد لکھئے۔

مثال:۔



1)



2)



3) 21 ☐ 23 ☐ ☐ ☐ ☐ ☐ 29 30

4) 51 52 ○ ○ ○ ○ 57 ○ ○ ○

5) 91 ☐ ☐ 94 ☐ ☐ ☐ ☐ 99

6) 61 62 ○ ○ ○ ○ ○ ○ ○ ○

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

پچھلا عدد


مثال:۔1



15 کا پچھلا عدد 14 ہے۔

پچھلا اعداد معلوم کرنے کے لئے دئے گئے عدد سے ایک تفریق کیجئے۔

مثال:۔2




میں 28 ہوں
میرے ترتیب وار
پچھلے اعداد پر غور کرو

مثال:۔3 35 سے 27 تک کے ترتیب وار پچھلے اعداد سے چھوٹے ہوئے اعداد پُر کیجئے۔




دیئے گئے تصویر میں چھوٹے ہوئے اعداد پُر کیجئے۔


مثال:۔ (تیر کا نشان اپناتے ہوئے)



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED




میرے ساتھ چلو:



چیونٹیاں تیر کے نشان پر بڑھتے ہیں۔ لال گھر پہنچنے تک جو اعداد ملتے ہیں ان کو لکھیے۔ D، C، B، A

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



پچھلا.....اگلا.....درمیان



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اب اور زیادہ جانئے۔

30 31 32



متواتر اعداد میں جو عدد کسی عدد کے دائیں طرف ہو تو اگلا عدد کہلاتا ہے، اور جو عدد بائیں طرف ہو تو پچھلا عدد کہلاتا ہے۔

1) 31 کا پچھلا عدد کونسا ہے؟

30

2) 32 کا پچھلا عدد کونسا ہے؟

31

3) 31 کا اگلا عدد کونسا ہے؟

32

4) 30 کا اگلا عدد کونسا ہے؟


31

5) 30 اور 32 کا درمیانی عدد کونسا ہے؟

31

دئے گئے اعداد کا پچھلا عدد لکھو۔

مثال:۔
















@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

اگلا عدد لکھو۔

مثال:۔



خالی جگہ پر کرو:

1) 78 _____ کا پچھلا عدد ہے۔

2) 6اور 8 کا درمیانی عدد _____ اور _____ ہے۔

3) 98_____ کا اگلا عدد ہے۔

4) 50 _____ کا اگلا عدد ہے۔


5) 36 _____ کا اگلا عدد ہے۔

6) 48 _____ اور _____ کا درمیانی عدد ہے۔


7) 39 _____ کا پچھلا عدد ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خالی عدد پر کرو۔



خالی عدد پر کرو۔



دیئے گئے اعداد کا اگلا عدد لکھئے۔

10	21	52
63	79	98

دیئے گئے عدد کا پچھلا عدد لکھو۔

11	37	29
64	78	96

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دیے گئے مشق کو حل کیجیے۔

اگلا عدد	درمیانی عدد	پچھلا عدد
19, _____	13, _____, 15	_____, 16
26, _____	48, _____, 50	_____, 25
35, _____	59, _____, 61	_____, 38
66, _____	86, _____, 88	_____, 51
71, _____	41, _____, 43	_____, 69
90, _____	95, _____, 97	_____, 74

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مثال: چھوٹا عدد.....بڑا عدد



درخت:2



درخت:1

درختوں پر بیٹھے پرندوں پر غور کریں۔

پیڑ پر موجود پرندوں پر غور کیجئے۔

- پہلے پیڑ پر کتنے پرندے ہیں؟

10

- دوسرے پیڑ پر کتنے پرندے ہیں؟

6

- کونسے پیڑ پر زیادہ پرندے ہیں؟

پہلا پیڑ

- تو 10 زیادہ اور 6 کم ہے۔

10 اور 6 میں 10 بڑا عدد اور 6 چھوٹا عدد ہے۔

مثال 2:


پتوں کی گنتی کرو اور ان کے نیچے لکھو۔ ان میں سے بڑے عدد پر حلقہ بناؤ اور چھوٹے عدد پر (✓) کا نشان لگاؤ۔



(6) _____ _____ (3)


تصویر میں دئے گئے منکے گن کر نیچے لکھو اور بڑے عدد پر حلقہ بناؤ۔

مثال 3:




©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1)




=




=

2)




=




=

3)




=




=

4)



=



=

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

تصاویر میں دیئے گئے منکوں کو گن کر نیچے لکھو اور چھوٹے عدد پر حلقہ بناؤ۔

مثال 4:



1)



2)



3)



4)



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

ذیل کے اعداد میں چھوٹا عدد خانے میں لکھئے۔

مثال:۔ 94 , 99 | 94

1)	16, 18		4)	56, 59	
2)	71, 78		5)	36, 38	
3)	29, 25		6)	46, 36	

چھوٹے عدد پر حلقہ بنائیے۔

مثال:۔ (49) | 52

64 | 69	35 | 36	19 | 17
84 | 82	76 | 80	55 | 44

بڑے عدد پر حلقہ بنائیے۔

مثال:۔ 59 | (63)

44 | 33	15 | 19	17 | 19
36 | 32	71 | 69	40 | 50

ذیل کے اعداد میں بڑا عدد لکھئے۔

مثال:۔ 54 , 43 | 54

1)	31, 36		3)	56, 93	
2)	98, 58		4)	69, 78	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کبیرہ اور صغیرہ اعداد بڑا اور چھوٹا عدد

 پیڑ:1	 پیڑ:2	 پیڑ:3

سرگرمی: درخت پر بیٹھے ہوئے پرندوں پر غور کیجئے۔

ہر درخت پر کتنے پرندے ہیں؟

4 | 10 | 6

☆ کونسے پیڑ پر سب سے کم پرندے ہیں؟

جواب:۔ پیڑ 3 پر

☆ تیسرے پیڑ پر کتنے پرندے ہیں؟

جواب:۔ 4 پرندے

☆ کونسے پیڑ پر سب سے زیادہ پرندے ہیں؟ کتنے؟

جواب:۔ دوسرے پیڑ پر 10 پرندے ہیں۔


☆ 6 ، 10 اور 4 میں 10 سب سے بڑا اور 4 سب سے کم عدد ہے۔

نوٹ: دو ہندسی اعداد ایک ہندسی عدد سے بڑا ہوتا ہے۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سلائیوں میں دئے گئے منکوں کو گن کر نیچے لکھئے۔ بڑے عدد پر نیلا رنگ بھریئے اور چھوٹے عدد پر لال رنگ بھریئے۔


مثال:۔



1)




2)




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


3)



4)



5)




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


نوٹ:


دئے گئے دو اعداد میں بڑا عدد معلوم کرو۔ پہلے دہائی کے عدد کا موازنہ کیجئے۔ دہائی کی مقام پر جو بڑا عدد ہے وہ دو اعداد سے بڑا ہے۔ اگر عدد دہائی میں برابر ہو پھر اسے اکائی سے موازنہ کیجئے۔


دیئے گئے خاکوں میں بڑے کبیرہ عدد پر ✓ نشان لگاؤ۔


مثال:۔

















@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

صغیرہ عدد پر حلقہ بناؤ۔


مثال:۔

35, 46, (28)		
51, 39, 48	16, 19, 21	74, 71, 78
76, 86, 56	91, 94, 99	45, 49, 41

بڑھتی اور گھٹتی ترتیب:

سرگرمی: بڑھتی ترتیب

سرگرمی: یہاں مختلف اعداد کی سیڑھی ہے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


☆ اوپر کی سیڑھی میں سب سے چھوٹا عدد کونسا ہے؟

1 (اس کو نیلا رنگ بھریئے۔)


☆ اوپر کی سیڑھی میں سب سے بڑا عدد کونسا ہے؟

5 (لال رنگ بھریئے۔)

اب ہم اعداد کو ترتیب وار لکھیں گے۔



یہ ترتیب وار اعداد جسے ہم چھوٹے سے بڑے اعداد میں لکھتے ہیں اُسے بڑھتی ہوئی ترتیب کہتے ہیں۔



اوپر چڑھنا بڑھتی ہوئی ترتیب ہے۔

اعداد کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔

مثال:۔ 2, 42, 12, 22 کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے۔

